© rasailojaraid.com


# صلّی اللہ علیہ وسلّم

نقش ہو دل پر نقشۂ احمد صلّی اللہ علیہ وسلّم
لب پہ ہو جاری نغمۂ احمد صلّی اللہ علیہ وسلّم

کب سے ہے پنہاں دل میں یہ ارماں، رحمتِ یزداں سے ہو نمایاں
صورتِ تاباں، جلوۂ احمد صلّی اللہ علیہ وسلّم

رہبرِ آدم، محسنِ عالم، اسمِ معظّم حسنِ مجسّم
نیّرِ اعظم، چہرۂ احمد صلّی اللہ علیہ وسلّم

شکل میں اجمل، عقل میں اکمل، خلق میں افضل، نطق میں فیصل
جامع و مجمل خطبۂ احمد صلّی اللہ علیہ وسلّم

بہتر و برتر، طاہر و اطہر، ساقیٔ کوثر، شافعِ محشر
اللہ اکبر رتبۂ احمد صلّی اللہ علیہ وسلّم

محضرِ شفقت، چشمۂ رحمت، مخزنِ حکمت، معدنِ برکت
منبعِ شہرت شہرۂ احمد صلّی اللہ علیہ وسلّم

جانِ محبت، کانِ مروّت، بحرِ سخاوت، فخرِ رسالت
ختمِ نبوّت عہدۂ احمد صلّی اللہ علیہ وسلّم


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صاحبِ عظمت، مالکِ سطوت، نورِ ہدایت، شمعِ صداقت
مظہرِ رحمت و بندۂ احمد صلی اللہ علیہ وسلم

جرم سے نفرت، ظلم سے کلفت، حلم سے رغبت، علم سے الفت
وعظ و نصیحت اسوۂ احمد صلی اللہ علیہ وسلم

حق کا دولارا، نبیوں میں نیارا، آنکھوں کا تارا، دل کا سہلا
رشتوں میں پیارا رشتۂ احمد صلی اللہ علیہ وسلم

ان کی محبت، ان کی اطاعت، وجہِ مسرت باعثِ راحت
جنتِ عشرت کوچۂ احمد صلی اللہ علیہ وسلم

گھر کو جلائے، زر کو لٹائے عاجز جائے مقصد پائے
ہو کے فدائے جادۂ احمد صلی اللہ علیہ وسلم


# دواخانہ رحمت

کالی کھانسی، چنبل، خارش ہر قسم، بواسیر خونی اور بادی
اور نزلہ و زکام کا تیر بہدف علاج

مزمن امراض کے ماہر

حکیم عبدالجبار خلف الرشید حکیم عبدالقیوم (مرحوم)
۱۳ - نکلسن روڈ
لاہور


© rasailojaraid.com